eBizپر درخواست جمع کروانے کا طریقہ کار

eBizپر درخواست جمع کرنے کے لیے اس ویب سائٹ https://ebiz.punjab.gov.pkپر جائیں یا گوگل eBizلکھ کر سرچ کریں جو پہلی ویب سائٹ آئے گی اس پر کلک کردیں۔ تو ویب سائٹ کھل جائے گی۔

Step 1



Step 2

ویب سائٹ کھلنے کے بعد اس کے سرچ بار میں جائیں۔ (نیچے کی تصویر دیکھیں)



انرولمنٹ کی رینول کروانا ہو یا ڈوپلیکیٹ انرولمنٹ لینی ہو یا سرٹیفکیٹ لینا ہو یا ڈوپلیکیٹ سرٹیفکیٹ لینا ہو یا سرٹیفکیٹ کی درستگی کروانا ہو یا سرٹیفکیٹ Revise کرانا ہو تو یہ سرچ کرکے **Step 3** سے شروع کریں۔



جس نے Duplicate Result Card لینا ہے وہ یہ مرحلہ کریں۔ (نیچے کی تصویر دیکھیں) اس کے بعد **Step 4** (نیچے دیکھیں) سے شروع کریں۔



Good Standing Certificate کے لیے سرچ کریں۔ اس کے بعد **Step 4** (نیچے دیکھیں) سے شروع کریں۔



Verificationکے لیے یہ سرچ کریں۔ اس کے بعد **Step 4** (نیچے دیکھیں) سے شروع کریں۔



Step 3

اس پر کلک کرنے کے بعد سرچ بٹن پر کل کر دیں۔اس کے بعد دو آپشن ملیں گے۔ تو اپنے متعلقہ آپشن پر کلک کر دیں۔

Enrolmentکے لیے

1۔**Enrolment**:اس پر دو آپشن ملیں گے۔



اگر رینول کی تجدید کروانی ہے تو**Renewal**پر کلک کر دیں۔اگر انرولمنٹ گم ہو گئی ہے تو**Duplicate**پر کلک کر دیں۔اس کے بعد**Next**بٹن پر کل کر دیں۔

Certificate کے لیے

2۔Diploma/Certificate: اس پر تین آپشن ملیں گے۔



سرٹیفکیٹ گم ہو گیا ہے تو Duplicate پر کلک کریں۔ سرٹیفکیٹ Revised کروانا ہے تو Revised پر کلک کریں۔ سرٹیفکیٹ کی درستگی کروانی ہے تو Correction پر کلک کر دیں۔ پھر Next بٹن پر کل کر دیں۔

Step 4

اس کے بعد اگلا صفحہ Requirements کا آئے گا۔ یہاں پر اس ایپ کو بند نہ کریں اور اپنے موبائل کے کیمرے سے ڈاکومنٹس کی تصویریں بنالیں۔ تصویریں بنا لینے کے بعد Next بٹن پر کلک کر دیں۔



یہاں پر Individual(s) پر کلک کر کے Next بٹن دبائیں۔



یہاں پر اپنا gmail ایڈریس درج کریں۔اور Verify پر کلک کردیں۔آپ کو اسی ای میل پر OTP موصول ہوگا۔اگر آپ کو اپنے موبائل کا ای میل ایڈریس کا نہیں پتہ تو اپنے موبائل کے Play Store App پر جائیں۔



playStore App کھلنے کے بعد آپ کو تیر کے نشان سے ظاہر کیا گیا ہے (اوپر کی تصویر دیکھیں)۔اس پر کلک کریں تو آپ کو اپنا ای میل نظر آئے گا۔یہ ای میل ڈال کر verify کرنا ہے۔



اس کے بعد OTP ملے گا جو آپ کو اپنے gmail کے ای میل پر ملے گا جو کہ آپ کے موبائل میں gmail app موجود ہے۔اوپر کی تصویر میں آپ کی ای میل ہے اس کو کھولیں اور OTP نوٹ کرلیں۔



OTP کاپی کرکے ہمارے eBiz کے ایپ پر ڈال دیں۔ پھر Submit OTP کر دیں۔ نیچے کی تصویر دیکھیں۔



پھر آپ کو میسج باکس ملے گا اس کو صرف Close کر دیں۔



اس کے بعد Owner Detail میں Single Owner پر کل کرکے اپنی ساری انفارمیشن دیں۔ نیچے کی تصویر دیکھیں۔



اس کے بعد Business Information میں اپنے کیس کا Purpose لکھیں۔ مثلاً Renewal of Enrolment یا Duplicate Certificate یا جو بھی آپ کا کیس ہے وہ لکھیں، ایڈریس میں اپنے گھر کا ایڈریس اور تحصیل اور ضلع دیں۔ اس کے بعد Next بٹن دبا دیں۔ نیچے کی تصویر دیکھیں۔



اگلے صفحے میں وہ تفصیلات ڈالیں جو آپ کے ڈاکومنٹس میں درج ہیں۔ نیچے کی تصویر دیکھیں۔



یہ ساری تفصیل ڈالنے کے بعد Next بٹن پر کلک کر دیں۔



اوپر کی تصویر دیکھیں۔ وہ ڈاکومنٹس اپلوڈ کریں جو آپ نے پہلے موبائل کیمرے سے تصویریں بنائی تھیں۔ تصویر 5MB سے زیادہ نہ ہو اس کے بعد Next بٹن دبادیں۔



اس کے بعد اگل صفحہ کھلے گا اس میں Generate PSID پر کلک کردیں۔



یہ آپ کی PSID Number تیار ہوچکی ہے۔ اب آپ نے اپنے کسی موبائل بینکنگ ایپ میں جاکر 1Link کے ذریعے پے منٹ کردیں۔ پے منٹ کرنے کے بعد دوبارہ eBiz ایپ میں جائیں اور Next بٹن دبائیں۔



یہاں پر تصویر کو دیکھتے ہوئے یہ مرحلہ مکمل کرکے Submit کردیں۔